© rasailojaraid.com

# اہم اعلان

## برائے تجدید سند الحاق

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ بمطابق ۳۰
جون ۲۰۰۵ھ میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ وفاق المدارس کی سند الحاق صرف تین سال کے لئے جاری ہوگی۔ اس کے بعد نئی
سند جاری کی جائے گی۔ جس کی فیس ایک سو (۱۰۰) روپے ہوگی۔ اس فیصلہ پر عمل درآمد کے لئے تمام اہل مدارس کو مطلع کیا
جاتا ہے۔ کہ یکم محرم الحرام ۱۴۲۷ھ سے پہلے ملحق ہونے والے مدارس کے ذمہ داران اپنے مدرسہ کی اصل سند الحاق کے
ساتھ منی آرڈر کی رسید لف کرکے دفتر وفاق المدارس بھجوادیں۔ تاکہ نئی سند جاری کی جاسکے۔

جس مدرسہ کے الحاق کو یکم محرم الحرام ۱۴۳۰ھ تک تین سال پورے ہوچکے ہیں۔ اس کی سابقہ سند الحاق
امتحانات میں شرکت یا حصول چندہ کے لئے کارآمد نہ ہوگی۔ نیز جن مدارس کا ترقی الحاق یکم محرم الحرام ۱۴۲۷ھ کے بعد ہوا
ہے ان کے تین سال ترقی الحاق کی تاریخ سے شمار کئے جائیں گے۔

## ضابطہ برائے امتحانی مراکز درجات کتب

وفاق المدارس کی امتحانی کمیٹی کے اجلاس منعقدہ ۱۲/ رجب المرجب ۱۴۲۸ھ میں امتحانی مراکز کے حوالے
سے یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ آئندہ طالبات کے لئے پچاس (۵۰) اور طلباء کے لئے کم از کم سو (۱۰۰) تعداد پر سنٹر منظور ہوگا۔
ہر امتحانی مرکز پر لازم ہوگا کہ وہ اپنی تعداد کے مطابق ہال کا انتظام کرے۔ بصورت دیگر امتحانی مرکز ختم کردیا جائے گا۔

کم تعداد والے مدارس امتحانی مراکز کے لئے درخواست نہ دیں۔ نیز پہلے سے موجود وہ مراکز جن کی تعداد
مقررہ مقدار سے کم ہو وہ بھی اپنی امتحانی مرکز کو ختم سمجھیں اور داخلہ فارموں پر اپنے قریبی موزوں سنٹر کا نام لکھ کر بھیجیں۔


**باصلاحیت علمائے کرام کی ضرورت ہے**

مکتبۃ البشریٰ کو اپنی درسِ نظامی کی مطبوعہ کتب پورے ملک کے
مدارس میں متعارف کرانے کے لئے۔ کوائف اس پتہ پر ارسال کریں

9-A/1 M.A.M.C.H.S نزد عوامی مرکز کراچی
فون: 7740738
سعید احمد 0321-2196170


© rasailojaraid.com